9550-کیا خاوند بیوی کو حالت زچگی میں دیکھ سکتا ہے

سوال

کیا خاوند کے لیے جائز ہے کہ وہ بیوی کی زچگی کے وقت اس کے پاس رہے اوراس کا مشاہدہ کرے ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں زچگی کے وقت خاوند اپنی بیوی کے پاس رہ سکتا ہے ، اس لیے کہ بیوی کا جسم دیکھنا خاوند کے لیے جائز ہے جس میں کسی قسم کا کوئی استثناء نہیں جیسا کہ حدیث میں ہے :

انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ :

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم اورامہات المومنین میں سے کوئی ایک آپ دونوں غسل جنابت ایک ہی برتن سے کرتے تھے) صحیح بخاری حدیث نمبر (264) ۔

تواس بنا پر خاوند بیوی کی حالت زچگی میں اس کے پاس رہ سکتا ہے ، جبکہ وہاں کوئی اوراجنبی عورت نہ ہو جس کا پردہ کرنا اس مرد سے ضروری ہو ۔

واللہ اعلم .